پریس ریلیز

LGH/PGMI/AMC
Zahid Ph: 0304-4040225

عید الفطر :پرنسپل جنرل ہسپتال نے کینسر میں مبتلا 10سالہ بچے کی خواہش پوری کر دی

سکندر سے عید کیک کٹوایا ، اہل خانہ کے چہروں پر مسکراہٹ پھیل گئی،معالجین کیلئے دعائیں

خوشیوں اور مسرتوں میں دوسروں کو شامل کرنا ہی اصل خوش نصیبی ہے :پروفیسر الفرید ظفر

لاہور 15 مئی:۔۔۔۔۔ پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے عیدالفطر کے موقع پر کینسر کے مرض میں مبتلا10 سالہ بچے کی دلی خواہش پوری کر دی اور جنرل ہسپتال میں زیر علاج سکندر سے عید کا کیک کٹوایا جہاں اُس بچے کے اہل خانہ اور دیگر عزیز و اقارب کے چہروں پر مسکراہٹ پھیل گئی۔انہوں نے معالجین اور ہسپتال انتظامیہ کو خصوصی دعائیں دیتے ہوئے کہا کہ یہ اُن کی بہت بڑی حوصلہ افزائی ہے جس پر وہ پرنسپل اور ڈاکٹرز کے مشکور ہیں۔اس موقع پر پروفیسر آغا شبیر علی، پروفیسر محمد شاہد ، ایم ایس ڈاکٹر عبدالرزاق، ڈاکٹر عبدالعزیز، ڈاکٹر محمود سبحانی و دیگر بھی موجود تھے۔یہ 10 سالہ سکندر جنرل ہسپتال کے بچہ وارڈ میں سرطان کے مرض کا مقابلہ کر رہا ہے جہاں اُس نے عید پر کیک کاٹنے کی فرمائش کی اور پرنسپل پروفیسر سردار الفرید ظفر نے اپنی موجودگی میں کیک منگوا کر کٹوایا اور وہاں موجود بچوں میں تقسیم کیا۔

اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ عید کی خوشیوں اور مسرتوں میں دوسروں کو شریک کرنا ہی اصل خوش نصیبی ہے اور بالخصوص ڈاکٹر حضرات جو انسانیت کے مسیحا ہیں اُن کا کام ہی دوسروں کو راحت پہنچانا اور اُن کی تکالیف کو دور کرنا ہی اُن کے مشن کا تقاضا ہے۔انہوں نے کہا کہ عیدالفطر رمضان المبارک میں ملنے والے درس پر عمل کرنے کا نام ہے جو ہمیں بھوک اور پیاس میں رہ کر دوسروں کی مشکلات کا احساس دلاتا ہے۔پروفیسر الفرید ظفر نے مزید کہا کہ یہ ایک بچے کی دل جوئی کے علاوہ مجموعی طور پر ہم سب کے لئے پیغام ہیں کہ ہم لوگوں کے چہروں پر خوشیاں بکھیریں اور اُن سے دعائیں لے کر اپنے لیے بھی بہتری کا سامنا کریں۔

☆☆☆☆

عیدالفطر: پرنسپل جنرل ہسپتال پروفیسر الفرید ظفر 10 سالہ کینسر کے مریض بچے سکندر سے کیک کٹوا رہے ہیں